محو کئے تھے بعد اوسکے قراطیس مغسولہ کو مزید احتیاط جلایا تھا پس اسصورت مین نہایت اہتمام اونکا مراعات تعظیم قرآن مین ثابت ہوا اقول و بہ نستعین اس جواب تحقیقی سے کہ بسند قول شارح بخاری کے لکھا ہے نہایت سنئے تحقیقی مخاطب کے تحقیق ہوتی ہے اسلئے کہ سب عبارت شرح بخاری کی کہ متعلق اس مطلب کے ہے دیکھکر یہہ جواب تحقیقی استنباط کیا ہوگا حالانکہ ملاحظہ سے تمام عبارت کے ظاہر ہے کہ یہہ جواب ہرگز لایق التفات نہین اسواسطے کہ روایتون سے ایک امر ان تین امرونمین سے ثابت ہوتا ہے یا پہاڑنا یا جلانا یا محو کرنا ہر چند محو کرنےمین احتمال بعید ہے کہ دہوکر جلایا ہو مگر جبکہ اکثر روایات مین تصریح جلانیکی واقع ہوئی تو محو کو عام ہی جلانی پر کہ خاص ہے حمل کیا جاویگا کما لا یخفی اور مہذا شارح نے بہی اس احتمال کو قطع کر دیا چنانچہ بعد نقل روایت محو کی فرمایا کہ محو اعم ہے اس سے کہ بطریق غسل ہو یا بطریق تحریق اور اکثر روایات صریحہ مین تحریق مین پس صرف تحریق ہی ہے واقع ہوئی انتہی بترجمتہ اور بعد ذکر روایات اور قطع احتمال کے اعتقاد عیاض بیان کیا وقد جزم عیاض بانہم غسلوہا بالماء ثم احرقوہا مبالغۃً فی اذہابہا اور اوسکے بعد قول ابن عطیہ بیان کیا الروایہ بالحاء المہملہ اصح وہذا الحکم ہو الذی وقع فی ذلک الوقت واما الآن فالغسل اولی لما دعت الحاجۃ الی ازالتہ یعنی روایتہ

یحرق ساتھہ حاے مہملہ کے کہ جس سے جلانا ثابت ہوتا ہے صحیح تر
ہے اور یہہ ہی وہ حکم کہ اوسوقت مین واقع ہوا اور لیکن اب پس
دہونا بہتر ہے جسوقت ضرورت زایل کرنیکی داعی ہو الغرض روایات
سے اور قول شارح سے اور اور قولون سے جلانا بخوبی ثابت ہوتا ہے
اور دہو کر جلانا پایہ ثبوت کو نہین پہونچتا پس اسصورت مین فساد اعتقاد
عیاض کا کہ مستند طرف کسی روایت کے نہین ہے ظاہر ہوا اور
حال جواب تحقیقی جناب مخاطب کا ہی کہ ماخوذ اوسیکی اعتقاد سے ہی
واضح ہوا التعجب ہے کہ جناب مخاطب نے تمام عبارت شرح بخاری
سے قول عیاض کو کہ غالباً شارح نے تعریضاً بیان کیا ہے چنانچہ
ماقبل ومابعد اوسکا دو نو شاہد عدل ہین واسطے سند جواب تحقیقی
کے انتخاب کیا اور کچھہ نظر ماقبل ومابعد پر نفرمائی کہ اوس سے صرف
جلانا ہی ثابت ہوتا ہے اور عیاض نے وجہہ مین دہو کر جلانیکی مبالغہ
فی اذہالہا کہا ہے اور مخاطب اوس سے یہہ نہایت اہتمام مراعات
تعظیم قرآن ثابت کرتے ہین یہہ ظاہرا قبیل سے توجیہ القول بما لا یرضی
بہ قائلہ کے معلوم ہوتا ہے اور با این ہمہ یہہ جواب تحقیقی مخاطب کا
قول ابن عطیہ مین کہ الروایۃ بالحاء المہملۃ اصح وہذا الحکم ہو الذی وقع
فی ذلک الوقت اور قول شارح بخاری مین کہ اکثر الروایات صریحۃ
فی التحریق فہو الذی وقع اور روایت فذلک زمان حرقت المصاحف

بالعراق بالنار ہین نافذ نہین ہے کما ہو الظاہر پس اس تقریر سے
واضح ہوا کہ مخاطب ہر مقام مین ایسے ہی تحقیق واسطے تلبیس عوام کے
عمل مین لاتے ہین اور اسیطرح کی تلمیحات کو ہر جگہہ کام فرماتے ہین جب
یہہ مطلب ذہن نشین ہوا تو اب اصل عبارت فتح الباری واسطے تفریح
قلوب مخالفان و تفریح خاطر مومنان ذیل مین نقل کیجاتی ہے وقوله
امر بما سواه من القرآن فی کل صحیفة او مصحف ان یحرق فی
روایة الاکثران یخرق بالخاء المعجمة وللمروزی بالمهملة و
رواه الاصیلی بالوجهین والمعجمة اثبت فی روایة الاسماعیلی
ان یمحا او یحرق وقد وقع فی روایة شعیب عند ابی داود و
الطبرانی وغیرهما وامرهم ان یحرقوا کل مصحف یخالف المصحف
الذی ارسل به قال فذالک زمان حرقت المصاحف بالعراق
بالنار وفی روایة بکر بن الاشج فامر بجمع المصاحف فاحرقها
فنثبت فی الاخبار التی کتب ومن طریق مصعب بن سعد
قال ادرکت الناس متوافرین حین احرق عثمان المصاحف
فاعجبهم ذلك او قال ولم ینکر منهم احد وفی روایة
ابی قلابة فلما فرغ عثمان من المصحف کتب الی اهل الا
مصار انی قد صنعت کذا وکذا ومحوت ما عندی فامحوا
ما عندکم وامحوا امر ان یکون بالغسل والتحریق واکثر

الروایات صحیحۃ فی التحریق فھو الذی وقع ویحتمل وقوع کل منہا بحسب ما رای کل من بیدہ شئی من ذلک وقد جزم عیاض بانہم غسلوھا بالماء ثم احرقوھا مبالغۃ فی اذھابھا وقال ابن عطیۃ الروایۃ بالحاء المھملۃ اصح وھذا الحکم ھو الذی وقع فی ذلک الوقت واما الآن فالغسل الاولی لما دعت الحاجۃ الی ازالتہ وقولہ امر بما سواہ ای ما سوی المصحف الذی استکتبہ والمصاحف التی نقلت منہ وسوی المصحف الذی کانت عند حفصۃ ورجعا الیھا ولھذا استدرک مروان الامر بعدھا واعدمھا ایضاً خشیۃ ان یقع لاحد منہا توھم ان فیھا ما یخالف المصحف الذی استقر علیہ الامر لما تقدم قال الفاضل المتوحد اور جواب الزامی یہہ ہے کہ جیسی جلانا فعل استخفاف ہے ویسی ہی زمین پر دے مارنا فعل استخفاف ہے حضرت موسی علیہ السلام نے جو الواح توریت کو زمین پر دی مارا اور برادر بزرگ اپنے نبی اللہ کی ریش مبارک اور بال پکڑ کر کہینچ ڈالے کہ یہہ بھی بالبداہت فعل استخفاف اور استحقار کا ہے شیعہ کے نزدیک کیا جواب رکہتا ہے فما ہو جوابہ عندہم فہو جوابنا عندنا اگر کہیں کہ حضرت موسی تو نبی تھے عثمان تو نبی نہین تھے ہم کہین گے کہ نبی ہونا اور بہی معصیت کو زاید اور اشد کرتا ہے اور اگر کہین کہ وہ بنابر مصلحت

سکے تہا تو ہم بہی کہین سکے کہ یہہ بہی بنا بر مصلحت کے تہا استخفافاً نہ تہا اور ظاہر ہے کہ استخفاف سے حضرت عثمان کو کیا غرض تہی اگر استخفاف منظور ہوتا تو قرآن کو بالکل نیست و نابود کر دیتے یہہ نسخہ طیار کر کے واسطے ہدایت مخلوق کے کسلئے شائع فرماتی فما ہذا الطعن علیہ الا بہتان عظیم اقول و بہ نستعین جواب الزامی بہی غلط ہے اصل یہہ ہے کہ حق سبحانہ تعالی حکایۃ عن کلیم اللہ فرماتا ہے وَاَلْقَی الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِیْهِ یَجُرُّهٗ اِلَیْهِ جناب مخاطب جو القا کے معنی زمین پر دے مارنا لیتے ہین یہہ خوش فہمی اونکی ہے القا بمعنی پہونچانے کے اس مقام پر ہے یعنی پہونچا دیا الواحکو چنانچہ غیاث اللغات مین لکہا ہے کہ القا بالکسر رسانیدن و افگندن از منتخب و کنز و صراح یا یون کہو کہ جو بہت جلدی سے الواح کو حضرت موسی نے رکہدیا ہذا القا سے تعبیر ہوا اور جناب سلطان العلما طاب ثراہ کتاب ذوالفقار النظیر طعن الرماح مین افادہ فرماتے ہین بالجملہ شکی نیست کہ تاویل کریمہ یا ابن ام لا تاخذ بلحیتی ولا براسی بر مذہب شیعہ و اہل سنن واجب و لازم است و احدی در باب اعتذار دست بدامن تفرقہ میان اغضاب و غضب نزدہ پس لابد گفتہ شود کہ این منازعہ حقیقیہ نبودہ و کریمہ لا تاخذ بلحیتی ولا براسی دلالت بر تحقق غضب و معاندت ندارد زیرا کہ از کجا کہ اخذ محاسن ہارون بتقریب عتاب بودہ چہ در حال

رافت و استفسار احوال ہم اخذ محاسن بدست متمد او لست ہمچنین در
حال تفکر و تردد خاطر و غیر آن پس حمل آن بر خصوص عتاب وجہی نداشته
باشد قال الرازی فی التفسیر الکبیر فی تضاعیف اجوبۃ الاشکالات
فی الآیۃ ہکذا و ثانیہا ان موسی اقبل و ہو غضبان علی قومہ فاخذ
براس اخیہ یجرہ الیہ کما یفعل الانسان بنفسہ مثل ذلک عند الغضب
فان الغضبان المتفکر قد یعض علی شفتیہ و اصابعہ و یاخذ بلحیتہ فاجری
موسی اخاہ ہارون مجری نفسہ لانہ کان اخاہ و شریکہ فصنع بہ ما یصنع
الرجل فی حال الفکر و الغضب و اما قولہ لا تاخذ بلحیتی و لا براسی فلا
یمتنع ان یکون ہارون خاف من ان یتوہم بنو اسرائیل انہ منکر علیہ
غیر معاون لہ ثم اخذ فی شرح القصۃ فقال انی خشیت ان تقول فرقت
بین بنی اسرائیل و ثالثہا ان بنی اسرائیل کانوا علی نہایۃ سوء
الظن بموسی حتی ان ہارون غاب عنہم غیبۃ فقالوا لموسی انت قتلتہ
فلما وعد اللہ موسی و کتب لہ فی الالواح من کل شیء ثم رجع
فرای من قومہ ما رای فاخذ براس اخیہ لیدنیہ فیتفحص
عن کیفیۃ الواقعۃ فخاف ہارون ان یسبق الی قلوبہم ما لا
اصل لہ فقال اشفاقا علی موسی لا تاخذ بلحیتی لئلا یظن القوم
ما لا یلیق بک انتہی و نیز میتوان گفت کہ اکثر اوقات بنا بر اظہار
عظمت گناہ یا برای اظہار مزید نصفت و عدالت و عدم رعایت قرابت

نسبت بعزیزان و قریبان اظهار عتاب نمودہ میشود اگرچہ در حقیقت
از دل آزردہ نباشند و الا امریکہ باعث عتاب حقیقی باشد از حضرت
ہارون بمنصہ ظہور نرسیدہ بود و شان نبوت ارفع است از انکہ مرتکب
امری شوند کہ مستحق عتاب باشد و از انکہ عتاب کنند بر کسیکہ مستحق
عتاب نباشند انتہی اور مخاطب نے یہہ جو کہا ہے کہ اگر کہین وہ بنابر
مصلحت کے تہا تو ہم بہی کہین گے کہ یہہ بہی بنابر مصلحت کے
تہا سبحان اللہ نہ ہی شعور و نہی فہم اگر فعل انبیاء اولوا العزم مشتمل
مصلحت پر کہا جاے تو کیا لازم ہے کہ فعل ہر کس و ناکس کا بہی جسکا
مذموم ہونا بدیہی ہو خالی از مصلحت نہ سمجہا جاوے این الثریا من الثری
اور اگر یہہ بہی مصلحت شناسی جناب مخاطب کی ہے تو شاید فعل یزید
پلید کو بہی خالی مصلحت سے نہ سمجہتے ہونگی اور یہہ جو فرمایا ہے کہ اگر استخفاف
منظور ہوتا تو قرآن کو بالکل نیست و نابود کر دیتے تہا یہ عجیب ہے کیا
استخفاف کسی چیز محترم کا اسیمین منحصر ہے کہ اوسکو بالکل نیست
و نابود کر دیا جاے اور اگر نزدیک مخاطب کے اسیمین انحصار ہے تو
چاہئی کہ جلانا تمام قرآنونکا ساتہہ باقی رکہنے ایک نسخہ کے جایز سمجہین
اور اوسکا نقتدی جاری کرین اور اگر جامع القرآن قرآنکو بالکل نیست
و نابود کرتے تو خود بہی نیست و نابود گنے جاتے بلیجا و اس مصلحت کے
اس سعادت سے محروم رہے قال الفاضل المتوحد تمسے اسلئے پوچہتے

ہین کہ ہمنے جلایا تو تمنے کیون جلانے دیا تم ہی تو اوسکے اہل تھے اور تمپر یہہ ہی واجب تہا کہ جلانے والے سے لڑتے جو تمہارے پاس تو ذوالفقار موجود تھے اور وصف تمہارا تہا کرار غیر فرار غالب علی کل غالب علی ابن ابی طالب کیا تم یہہ نہین جانتے تھے کہ پہر بعد سوخت ہونے اون مصاحف کے تا خروج حضرت صاحب الامر مصحف مجموعہ محرق القرآن پر عمل کرنا پڑیگا تو اپر پہر اونکا اور اسکا سمجہ لینا ضرور ہے اور قطع نظر ایسکے تم تو بعد کو اون جلانے والونکے بخوبی قادر ہوئے تھے اسپر کہ اپنے جمع کئے ہوئے کو کہ محض حق و راست تہا اور تمہارے پاس موجود اور جلانے سے محفوظ رہا تہا جاری کردیتی اور اوسکو جلا ڈالتے یہہ تمنے کیا کیا نہ ہمکو جلانیسے روکا نہ اپر پہر کو اونکے یاد کرلیا اور نہ بعد کو اپنا جمع کیا ہوا جاری کیا اب تم کس گہر کے رہے کس کتاب پر عمل کرتے ہو اور کونسی دستاویز دین کی رکہتے ہو تیلاؤ اقول وبہ نستعین اس قول سے کہ جس سے نہایت بی ادبی مخاطب کی نسبت جناب نفس رسول زوج بتول صلوٰۃ اللہ علیہ کے ظاہر ہوتی ہے شیعونپر کوئی الزام نہین آتا ہے بلکہ یہہ تو الزام قوی شیعونکا سنیونپر ہی کہ جس سے بصراحت ثبوت تقیہ کا ہوتا ہے تفصیل اس اجمال کی یہہ ہے کہ جملہ اوصاف حیدر کرار غیر فرار صاحب ذوالفقار غالب علی کل غالب جناب علی بن ابی طالب صلوات اللہ علیہ اولیا مخاطب کو

تسلیم مین اور باعتراف اکابر اہلسنت یہہ بہی ثابت ہے کہ ایک قران
جناب علی مرتضی علیہ السلام نے جمع فرمایا تہا کہ اس قران متداول کے
مغایر تہا اور اس سے اچھا تہا اور شائع ہوا اور جلانے سے بہی
محفوظ رہا چنانچہ ابن عبد البر مالکی نے کتاب استیعاب مین محمد بن
شیرین سے روایت کی ہے کہ جب لوگون نے ابوبکر سے بیعت
کی تو حضرت امیر علیہ السلام نے بیعت مین تاخیر کی اور اپنے گھر مین
بیٹھہ رہے ابوبکر نے کہلا بہیجا کہ کیون دیر کی تمنے میری بیعت مین
آیا کراہت کی تمنے میری امارت اور خلافت سے پس فرمایا حضرت
امیر نے کہ کراہت تو نہین کی تہی لیکن قسم کہائی ہے مینے کہ نہ
اوڑہونگا اپنی ردا کو سواے وقت نماز کے جب تک کہ نہ جمع کرلون
قرآن کو کہا ابن شیرین نے کہ یہہ روایت پہونچی مجھکو کہ اون
حضرت نے جمع کیا قرآن کو موافق اوسکے کہ نازل ہوا تہا اور
اگر ہاتہہ آتا وہ تو البتہ اوس سے علم کثیر حاصل ہوتا فقط اور اوسکے
قریب دوسری روایت عبد الرزاق کی اسناد سے اوسی کتاب
مین مذکور ہے اور شیخ عبد الحق لکہتے ہین آوردہ اند کہ امیر المومنین
علی رضی اللہ عنہ نیز جمع کرد قران را بہ ترتیب نزول وگفتہ اند کہ اگر
آن مصحف معمول شدی ومشہور گشتی علم کثیر ازان حاصل شدی
کہ معرفت ناسخ ومنسوخ است ودانا کہ [illegible] ی رضی اللہ [illegible] اختلاف

انزا بروے کار رنیا ورده تاہمہ عالم بریک وجہہ و بریک نسق باشند واللہ
اعلم انتہی چنانچہ یہہ عبارت پہلی بہی گذری اور خود مخاطب خطا بآ لجنا بہ الاشرف
الاعلی کہتا ہے کہ تم تو بعد کو اون جلانے والونکے بخوبی قادر ہوے تہے
اسپر کہ اپنے جمع کئے ہوئے کو کہ محض حق و راست تہا اور تمہارے
پاس موجود اور جلانیسی محفوظ رہا تہا جاری کردیتے اور اسکو جلا
ڈالتے بعد اس تمہید سدید کے ہم حضرات اہل سنت سے پوچہتے
ہین کہ حضرات کرار غیر فرار صاحب ذوالفقار غالب علی کل غالب نے
اپنی قرآن کو کہ اس قرآن متداول سے بہتر تہا ایام خلافت شیوخ ثلثہ
مین خصوصاً اپنی عہد عدالت مہد مین کہلی شائع نفرمایا اگر یہہ کہین کے
کہ حضرت علی نے تقیہ کیا چنانچہ ہم ایک تائید اوسکے عنقریب کلام سے
شاہ عبد العزیز دہلوی کی نقل کرینگے فہو المراد ورنہ یا تو العیاذ باللہ جناب
کو الزام لگائینگے کہ بدون مانع کے قران بہتر کو چہپا ڈالا اور امت
کو علم کثیر سے محروم رکہا اور یا اپنے اور اصحابہ کبار کو بصراحت تمام ملزم
ٹہیرائینگے کہ اونہون نے شائع ہونی دیا مگر یہان ہمارے حضرت
مخاطب کہ اقوال سے اپنی علما کے بہی اطلاع نہین رکہتے برعکس
اونکے اقوال کے عبارت آئندہ مین فرمائینگے کہ وہ قرآن جناب
امیر کا صحیح نہین تہا اور ہم بہی جواب اوسکا وہین لکہینگے لیکن
ایک نکتہ یہان بہی زیب تحریر ہوتا ہے کہ جب بتصریح مخاطب

مصحف جناب امیر العیاذ باللہ غیر صحیح اور لایق محو تام تہا تو حضرت
جامع القران نے باانہمہ اہتمام قرآن سوزی کہ ابن مسعود سے
صحابی جلیل القدر کو پٹوایا اور اونکے قرآن کو جلوایا اوس مصحف
غیر صحیح کو کیون جلانے سے چھوڑ دیا اور کسلئے اس سعادت کو
حاصل نکیا حال آنکہ شاید نزدیک مخاطب کے جلانا اوسکا نسبت
اور مصاحف اصحاب کے زیادہ تر ضرورت رکہتا ہوگا سبحان اللہ
مخاطب ہمہ دان نے اپنی دانست مین انکو الزام سے بچایا مگر جامع
القران کا خیال نفرمایا سچ ہے دشمن دانا بہ از دوست نادان
قال الفاضل المتوحد اعتقاد حضرات شیعہ کا اس مقدمہ مین یہہ ہے
کہ وہ مصاحف مغشوشہ تہے یعنی ہر ایک صحابی نے موافق اپنے
علم و ادراک کے بلا مشورہ غیرے وہ مصاحف بنوع دیگر و طرز علیحدہ جمع
کئے تہے اور کلام اللہ کو کلام نبوی سے جو بطور تفسیر کے ذیل آیہ
مین ارشاد ہوا اور وحی متلو کو حدیث قدسی سے اور متواتر کو احاد
و شاد سے اور منسوخ التلاوت کو غیر منسوخ التلاوت سے ممیز و جدا
نکی تہی غرضکہ ہر یک اونمین سے بالاجماع تنقیح یافتہ اور تصحیح شدہ نتہا
لہذا بعد استحصال قرآن اجماعی اور تنقیح و تصحیح اجماعی کے وہ مصاحف
لایق محو تام کے اہل سنت کے نزدیک تہے اسواسطے حضرت
جامع القرآن نے القا و نکا محض اس نسخہ مصححہ کے سمجہکر اونکا شستشو

تا بیاً یا حراق قراطیس اونکو محو فرمایا کہ مبادا اگلی کو یہہ مصاحف متنوعہ
قادح اون مصحف صحیحہ کے ہون اور اختلاف اہل اسلام مین اس
جہت سے پڑے تو اسصورت مین آیہ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ اور لَا
یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ اس قران پر خوب صادق رہین اور صدق مین اونکے
کچھہ خلل واقع نہوا اور ہر ایک اون جامعین سے کہ جنہون نے فرداً فرداً
مصاحف جمع کئے تھے ہرگز منافق نہ ٹھہرا اور داخل اجماع ہوا اقول و
بہ نستعین اولاً جناب مخاطب سے استفسار کیا جاتا ہے کہ آیا
خلط قران متواتر غیر منسوخ التلاوۃ ساتھہ ما عدا اوسکے کہ باتفاق
اہلسنت بنا بر تحریر مخاطب ہر ایک سے اہل بیت کرام اور اصحاب
عظام مین سے واقع ہوا ہے اچھا تھا اور تمیز کرنا جناب جامع القران
عثمان اور اونکے اعوان کا برا یا بالعکس یا خلط و تمیز دونون مذموم
تھے یا دونون ممدوح شق اول پر جد وجہد و تفحص و تلاش حضرات
جامعین سے کہ رئیس اونکے حضرت عثمان ہین امر قبیح مین لازم آتی
ہے اور شق ثانی پر اتفاق جمیع اہلبیت اطہار و اصحاب کبار کا
امر مذموم پر ثابت ہوتا ہے اور شق ثالث پر یہہ دونو امر مترتب ہوتے
ہین اور عند العقل بہی بعید ہے اور شق رابع بہی عقلاً و نقلاً مستبعد ہے
اما عقلاً تو اس وجہہ سے کہ عند العقل نہایت بعید ہے کہ دو امر باہم
متنافی ہون اور دونو ممدوح ہون اما نقلاً پس خلط کے ممدوح نہونیکے

سے لئے یہی کافی ہے کہ خود جناب مخاطب مانتے ہین غرضکہ ہر ایک اونمین سے تصحیح شدہ نہ تہا لفظ تصحیح شدہ نہ تہا نص ہے اس امر کہ وہ غلط یا بحث انتہا لسے قرآن اغلاط پر ہوا تہا اور اگر تمیز کرنا مدروح ہوتا تو ابن مسعود کہ فضایل ومناقب اونکی کتب معتبرہ اہلسنت سے منقول ہوئے کیون اپنے مصحف کے دینے کا انکار کرتے اور مستوجب ضرب وتادیب کے ہوتے اب جناب مخاطب کو لازم ہے کہ جو نسے شق شقوق اربعہ سے مرغوب ہو مختار اپنا قرار دیکر جواب ارشاد کرین ثانیاً واہ سنی صاحب کیا رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک نے بھی منجملہ صحابہ واہلبیت قرآن صحیح تعلیم نہین پایا تہا یا سبق دیدہ ودانستہ قرآن کو بگاڑ دیا اور اگر ہر ایک صحابی کا قران لکہا ہوا کہ غالباً وہ موافق تعلیم رسولخدا کے ہوگا غیر معتبر تہا تو پہر سب کے اکٹہا ہونے سے معتبر کیونکر ہوگیا کیا پہر جبرئیل آکر کہہ گئے یا بعد وفات رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انحضرت کو پہر سنایا گیا ذرا سمجہو جب ہر ایک کو نہ صحیح یاد ہو نہ صحیح لکہا ہو بلکہ ہر ایک نے جو لکہا وہ غلط لکہا اور اجماع مین کوئی نسخہ اون مین سے صحیح نہ ٹہیرا تو پہر جدید نسخہ کیونکر صحیح ہوگیا اگر صحابہ یہین اہلسنت وجماعت انکار قران کرین تو یہود ونصارا سے بد تر ہوجاتے لہذا یہہ فقرہ بنایا کہ ہر ایک صحابی نے اپنے موافق اپنے علم وادراک کے کلام خدا کو ساتہہ کلام نبوی کے اور وحی متلو کو ساتہہ غیر متلو وغیرہ کے

خلط ملط کرکے لکھ لیا تھا اور ہر ایک اونمین سے بالاجماع منقح و
تصحیح شدہ نہ تھا جسکو ذرا بھی عقل ہو وہ صاف جانتا ہے کہ اگر
اسطرح پر کہ جسطرح اعتقاد اہلسنت مخاطب نے بیان کیا ہے
[illegible]ن ابتر ہوگیا تھا تو پھر اوسکا صحیح ہونا از جملہ محالات ہے یا تو جناب مخاطب
[illegible]قول سے عدول کرین اور یہہ کہین کہ فلان شخصکو صحابہ اولبیت
[illegible]ان صحیح یاد تھا اور اونہون نے جو لکھا تھا وہ بھی صحیح تھا اور یا
[illegible]ن کہ سب نے بیٹھ کر موافق اپنی راے اور تجویز کے درست کرلیا
[illegible]ہو منقول من الرسول نہین وہو کما تری اسے جناب مخاطب
[illegible]ی پر بہیلن ترانی ہے اور کوس لمن الملک اسی تحقیق پر پینتیس برس
[illegible]اپنے درس تدریس مین صرف کئے اور مغز سخن سے آگاہ ہوے
[illegible]کلاب اور کلاب مین فرق نکیا یہہ تو فرمائی کہ جب سب قرآن جیسا کہ
آپنے فرمایا ویسے تھے تو انا لہ لحافظون ولا یاتیہ الباطل
کو لیسے قرآن پر خوب صادق تھا یا نعوذ باللہ اوس زمانہ تک مصداق اسکا
موجود نہین تھا آپنے جو مصداق اسکا خلافت ثالثہ سے قرار دیا یہہ
نہایت تعجب کی بات ہے طفل دبستان اس پر ہنستے ہین کیا زمانہ
رسول مقبول و خلافت شیخین مین خدا قرآنکا حافظ نہین تھا کیا باطل
اوسمین شامل ہوسکتا تھا نہین نہین قرآن کا حافظ خدا ہمیشہ سے ہے
اور کلام اللہ مین باطل کا دخل کبھی ہوا نہوا اور جو کوئی بالقصد باطل چیز کو

قرآن مین ملاوے اوسکے منافق ہونے مین کیا شک اگر ان صحابہ
سے نے قصداً تغیر قرآن قرآن مین داخل کیا تہا تو قباحت اوسکی ظاہر
اور جو نا دانستہ اونکے شامل ہوگیا تو ایسے ایک ہونگے یا دو
نہ کہ سبکی سب پہر تو یہہ ہے کہ مخاطب لاثانی فرماتے ہین کہ ہر
ایک صحابی نے جو قران جمع کیا تہا وہ سب بطرز علیحدہ و نوع دیگر
تہی اور ہر ایک اونمین سے بالاجماع تنقیح یافتہ و تصحیح شدہ نہ تہا
یہانتک کہ خلافت ثالثہ مین یہہ قران اجماعی بہ تنقیح و تصحیح اجماعی مرتب
ہوا نعوذ باللہ من ہذہ الہفوات ایحضرت اگر تمہاری خاطر سے یہہ محال فرض
کیا جاے تو شیخ اول اور شیخ ثانی قائل حسبنا کتاب اللہ کی نسبت کیا
کہو گی کہ اونکے عہد خلافت مین اسی قرآن غلط لائق محو تام سے مسایل شرعیہ
استخراج ہوتی تہی اور یہی تراویحون مین پڑہا جاتا تہا اور سالہا سال
یہی قرآن غیر صحیح شائع و ذائع رہا ایحضرت واسطے اظہار فضل ایک
جامع القرآن کے یہہ الزام صریح نسبت شیخین کے کہ آپکے نزدیک
اوس سے افضل تہی کیونکر گوارا ہوگا قال الفاضل المتوحد چنانچہ جناب
امیر بہی یہی شان رکہتے تہے اولا اونہون نے بہی بطور خود قرآن جمع
کیا اور وقت اجماع کے داخل اجماع ہوئے اور تفرد پر اصرار نکیا کہ
تفرد جماعت مومنین سے بموجب ارشاد خود بدولت اونکی کے لقمہ
شیطان کا ہونا ہے چنانچہ نہج البلاغت مین آپ فرماتے ہین الزموا

السواد الاعظم فان ید اللہ علی الجماعۃ وایاکم والفرقۃ فان الشاذ من الناس للشیطان کما ان الشاذۃ من الغنم للذئب اول و بست تعیین سے تھی مصطفے کے لب پر مناقب امیر کی قرآن مین بہری ہین مراتب امیر کے + روشن ہے اونکے نور سے کون و مکان ہنوز + پر ہے ثنا سے انکی زمین و زمان ہنوز + سیوطی نے اتقان مین لکہا ہے کہ اخرج ابو نعیم فی الحلیۃ عن ابن مسعود قال ان القران انزل علی سبعۃ احرف ما منہا حرف الا و لہ ظہر و بطن وان علی ابن ابی طالب عندہ منہ الظاہر والباطن وایضاً اخرج عن علی قال واللہ ما نزلت اٰیۃ الا وقد علمت فیم نزلت واین نزلت وان ربی وھب لی قلباً عقولاً ولساناً سؤلاً اور ازالۃ الخفا مین مرقوم ہے و اخرج ابو عمر عن سعید بن المسیب قال ما کان احد من الناس یقول سلونی غیر علی ابن ابی طالب واخرج ابو عمر عن ابی الطفیل قال شہدت علیاً یخطب وھو یقول سلونی عن کتاب اللہ فواللہ ما من آیۃ الا وانا اعلم ابلیل نزلت ام بنہار ام فی سہل ام فی جبل واخرج عمر عن عبد اللہ بن عباس قال واللہ لقد اعطی علی ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ تسعۃ اعشار العلم وایم اللہ لقد شارکھم فی العشر

العاشر وقد ثبت عن النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم بوجوہ
قال اقضاکم علیؑ وعن جابر بن عبد اللہ یقول سمعت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول انا مدینۃ العلم و
علی بابہا فمن اراد العلم فلیات الباب وعن علی فی قولہ تعالی
انما انت منذر ولکل قوم ھاد قال علی رسول اللہ المنذر
وانا الھادی حضرت مرتضیٰ فرمود کہ این قرآن قرآن صامت است
ومن قرآن ناطقم واخرج الشیخ السھروردی فی العوارف
عن عبد اللہ بن الحسن قال حین نزلت ھذہ الایۃ وتعیہا
اذن واعیۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی رضی
اللہ عنہ سالت اللہ تعالی ان یجعلہا اذنک قال علی
رضی اللہ عنہ فما نسیت شیئا بعد ما کان لی ان انسی انتہی
روایات مذکورہ سے کالشمس فی وسط النہار ہویدا وآشکار ہے
کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام ظاہر وباطن قرآن کا علم رکھتے
تھے اور ہر آیت کو کما ینبغی جانتے تھے اور کوئی شخص سواے
اوس جناب کے سلونی نکہتا تہا اور وہ جناب فرماتے تھے کہ
سوال کرو مجہسے کتاب اللہ سے پس قسم بخدا ایسی کوئی آیت
نہین کہ جسکو مین خوب نجانتا ہون اور یہہ بہی ظاہر ہوا کہ نو عشر
اعشار علم سے جناب امیر کو عطا ہوئے اور ایک عشر باقی ہین اور

لوگونکے شریک ہوئے اور وہ جناب سب اصحاب سے افضل تھے
اور باب مدینہ علم تھے اور ہر قوم کے لئے ہادی تھے اور یہہ بھی
معلوم ہوا کہ جب آیہ و تعیہا اذن واعیۃ نازل ہوئے تو جناب
رسالتمآب صلعم نے جناب امیر سے ارشاد فرمایا کہ مینے اللہ تعالے سے
سوال کیا کہ اذن واعیہ تمہارے گوش حق نیوش کو قرار دے جناب
امیر نے فرمایا کہ پھر نہ بہولا مین کسی چیز کو اور ریاض ابراہیمی مین مذکور ہے
کہ شیخ عبد الحق دہلوی نے ترجمہ مشکوۃ مین لکہا ہے از سیدنا
امیر المومنین رضی اللہ عنہ نقل است کہ پا در رکاب نہادی و قرآن ختم
میکرد و در روایتے از ملتزم کعبہ تا باب وے اور شواہد النبوۃ
مین ملا جامی نے فضائل مین جناب علی کے لکہا ہے بروایات
صحیحہ ثابت شدہ کہ چون پاے مبارک در رکاب می نہاد افتتاح
تلاوت قرآن میکرد و چون پای دگر در رکاب مے رسید و بر زین قرار
بر بالاے ستور راست می استاد ختم میکرد انتہی جب یہہ ایک
شمہ مناقب جلیلہ بیحد اور مراتب جزیلہ لا تحصی و لا تعد سے
جناب امیر المومنین علی کی منزلہ گلی از گلستانی و قطرہ از عمانی حسب کتب
معتبرہ اہلسنت لذت بخش سامعہ ہوا تو اب حسن اعتقاد مخاطب
ہمہ دان کا نسبت جناب علی مرتضی کے قابل ملاحظہ ہے کہ ہر چند
اولا قول سابق مین تہے بتصریح تمام لکہا تہا کہ ہر ایک صحابی نے موافق

اپنے علم کے قرآن جمع کئی تہے اور کوئی اون قرآنون مین سے تنقیح یافتہ اور تصحیح شدہ نہ تہا اور ظاہر ہے کہ اس قضیہ محصورہ مین جناب امیر بہی شامل تہے کہ اونہون نے بہی العیاذ باللہ قرآن صحیح جمع نہ کیا تہا مگر تنبیاً ذکر سے اور صحابہ کی چشم پوشی کر کر واسطے اظہار تاکید عدم صحت مصحف جناب امیر کے بطریق تخصیص بعد تعمیم فرماتے ہین چنانچہ جناب امیر بہی بہی شان رکہتے تہی کہ اولا اونہون نے بہی بطور خود قرآن جمع کیا ای حضرت یہہ تو ارشاد کیجیے کہ جناب امیر قرآن صحیح کو حسب تعلیم جناب رسول کریم جانتے تہے یا نہین اگر کہیئے گا کہ نجانتے تہے تو کوسنے شہر علم کے دروازہ تہے اور کس علم کی دس حصو نمین سے نو حصہ اونکو دئے گئے تہے اور دسوین حصہ مین اور لوگو نکی مشارک ہوئی کیا قرآن ان دونون علمون مین سے مستثنی تہا اور کیا نے ابن مسعود نے کہا کہ علی ظاہر و باطن حروف سبعہ قرآن کو جانتے ہین اور کس قران کی تلاوت ایک پانون رکاب مین رکھکر شروع کرتے تہے اور جب دوسرا پانون رکاب مین پہونچتا تہا تو ختم کرتے تہے اور یہہ اعجاز کہ عقول بشریہ ادراک سے اوسکے معترف بعجز و قصور ہین کونسی قرآن کی نسبت متحقق ہوتا تہا اور کسواسطے وہ جناب خود فرماتے تہے سلونی عن کتاب اللہ الخ اور یہہ قرآن صامت ہے اور مین قرآن ناطق ہون ای حضرت یہہ تو محال عادی

وعقلی سے ہہ ہے کہ قرآن ناطق قرآن صامت کو نہ جانے اور اوسکی صحت و غلط کو نہ پہچانے اور اگر اور روایات سے غض بصر کرکے کہو کہ یہہ مقولہ جناب امیر کا ایام خلافت مین تہا اور وقت جمع قران تو وہ جناب خلیفہ نہین تہے تو ہم بر تقدیر تسلیم کہین گے کہ خلافت ظاہری کو حصول مین اس مرتبہ جلیلہ کے کچہہ دخل نہین بلکہ یہہ مجاہد شعاع مہر نبوت کے پرتو تہے اسلئے کہ جناب امیر نے حین رضاعت سے کنار تربیت مین جناب رسالتماب کے پرورش پائی تہی اور وہ جناب تعلیم مین اونکے نہایت حریص تہے اور حدت ذہن و ذکا اونکا اظہر من الشمس ہے اور اگر بالفرض خلافت ظاہری کو سبب قول سلونی عن کتاب اللہ قرار دیا جاوے تو ہم کہین گے کہ کسی خلفاء ثلثہ مین سے کہ انکے نزدیک جناب امیر سے افضل تہے کسلئے کبہی ایام خلافت اپنے مین سلونی عن کتاب اللہ نفرمایا بلکہ بارہا واقعات مشکلہ مین طرف جناب امیر کے رجوع کرکے حسب روایت ازالۃ الخفا لولا علی لہلک عمر و بنا بر قول عاصمی لولا علی لہلک عثمان کہتے رہے اور اگر یہہ عذر پیش کیجے گا کہ خلافت شیخین مین تو خود کتاب اللہ تصحیح شدہ اور تنقیح یافتہ نہ تہے تو وہ کسطرح سلونی عن کتاب اللہ کہتے اور حضرت عثمان نے گو ایک نسخہ مصحح تیار کرالیا مگر انکو مقولہ ان فی القران لحنا ستقیمہ العرب نے فرصت ندی کہ سلونی عن کتاب اللہ فرماتے تو اسصورت مین بہی

مقولہ سلونی عن کتاب اللہ مخصوص جناب امیرؑ سے تھا اور بعض الاعلی
خلفا کی نسبت کتاب اللہ کے ثابت ہوگی اور قول خلیفہ دوم حسبنا کتاب
اللہ غیر موجہ ٹھیریگا اور وہ مدعا ہمارا کہ خلافت ظاہری کو مقولہ سلونی
مین کچھہ دخل نہین بخوبی ثابت ہوگا اور اگر فرماوینگے کہ جناب امیرؑ قرآن
صحیح حسب تعلیم جناب رسالتمآب جانتی تھے تو اس صورت مین قرآن
جمع کیا ہوا جناب امیر کا سب سے من جمیع الوجوہ بے شبہہ صحیح ہوگا اور
غلط کہنا اوسکا غلط ہوگا اور اگر فرماوینگے کہ جانتے تھے مگر بھول گئے
تو اسصورت مین قول جناب امیرؑ ما نسیت شیئا کی نسبت کیا تاویل کیجائیگی
کیا اس قول مین مستثنی مع حرف استثنا کے محذوف مانا جائیگا یعنی
ما نسیت شیئا الا القرآن جب یہہ برہان قاطع اور دلیل ساطع صحت
مصحف جناب امیر کے ریب ترقیم ہوئے تو اب ہم کہتے ہین واہ سید
صاحب ایسی شراب محبت جامع القرآن سے مخمور ہوئے کہ اپنی جد امجد
ساقی کوثر قرآن ناطق فخر الاجداد والاولاد کا کچھہ پاس و لحاظ نکیا اجی حضرت
اگر ابکو قدح اونکی عصمت کا کہ جسکو شیعہ ساتھہ براہین واضحہ اور
دلائل لائحہ کی ثابت کرتے ہین منظور تہا تو آپکے نزدیک تو چند امور
قادح عصمت جناب امیر سے صادر ہوئے تھے کہ بیعت خلیفہ اول
مین تاخیر کی شیخین کو باعتراف عمر کاذب غادر خائن آثم یقین کیا جامع
القرآن کو بغسل و کفن پڑا رکھا ام المومنین بی بی عائشہ سے محاربہ

کیا کہ طلحہ و زبیر منجملہ عشرہ مبشرہ اوس لڑائی مین کام آئی خلیفہ
پنجم حضرت معاویہ سے بہت سی لڑائیان لڑی کہ بہت صحابہ اور ہزارہا
اور مسلمان بیجان ہوئے کیا یہہ امور عظیمہ واسطے قدح عصمت کے کافی
نہ سمجہی کہ اونکے قرآن کو غلط بتایا فلا یبعث الا اللہ آنحضرت کیا خلاف
رشید اور ولد سعید ایسا ہی کرتے ہین یہہ تو آج تک کسی ناصبی و
خارجی نے نہین کہا کہ قرآن جناب امیر کا غلط تہا علماے اہلسنت نے
اتنا ہی کہا ہے کہ ایک قرآن جناب امیر نے جمع کیا تہا وہ شایع
نہوا اور بعضون نے یہہ بہی کہا ہے کہ اگر وہ شایع ہوتا تو علم کثیر
اوس سے حاصل ہوتا اور معرفت ناسخ و منسوخ کے حاصل ہوتی چنانچہ
اس رسالہ مین بہی بیان ہوا ای جناب یہہ تو فرمائی کہ جب جناب امیر
روز دار و گیر بحضور خداوند قدیر و رسول کبیر آپ سے پوچہین گے کہ
کونسی سورتین اور کونسی آیتین میرے قرآن کی غلط تہین اور
رسول مقبول فرماوینگے کہ منی تو علی مع القرآن والقرآن مع علی لا
یفترقان حتی یردا علی الحوض کہا تہا تو نے کسطرح علی کو قرآن سے جدا
کیا اور قرآن کو اونکے غلط بتایا تو آپ اسکا کیا جواب دین گے خیر
فیصلہ اس مہم کا روز قیامت پر رہا لا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون
وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون قولہ اور تفرد پر اصرار نکیا
لفظ اصرار کہ بے اختیار خامہ وقت نگار سے ترشح ہوا ہے خود

مشعر اس سے ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے جماعت عثمان سے
قرآن کے باب مین تفرد چاہا تہا مگر چونکہ اوس جماعت نے
اونکے ارشاد کو بسمع رضا سے نہ سنا اور نہ اون جناب
کو اونکے حال پر چہوڑا بلحاظ مصلحت وقت جبراً کرہاً تفرد پر اصرار نہ
کیا اور عدم شمول اپنا ظاہر نفرمایا پس اسی سے ظاہر ہوا کہ
صمیم القلب سے اوس جماعت مین شامل نہوے اور فی الواقع
متفرد رہے اور جبکہ تفرد واقعی جناب امام ہمام علیہ السلام کا
جماعت عثمان سے کلام سے مخاطب مقام کے مستنبط ہوا تو اب
جناب مخاطب کو اختیار ہے کہ یا تو جماعت عثمان کو جماعت مومنین
نہ ٹہرائین اور یا جناب امیر کی نسبت کہ فی الواقع اوس جماعت سے
متفرد رہے جو کچہ چاہین فرمائین اور ہم کچہ نہین کہنے اسلیے کہ
ہمکو اختیار شق اول مین نوگستاخی کا نسبت جامع القران کے ڈر
ہے اور بنابر دوسری شق کے ایمان کا ضرر ہے اور جب حضرت
مخاطب کو بفحواے مثل مشہور کہ ادب اوسکی ذکر کی رخصت نہین
دیتا اونہین کے کلام سے ملزم کیا تو اب تبرعاً ایک تائید اس
قول کی بیان کرتے ہین کہ صاحب تحفہ لکہتے ہین کہ جناب امیر
بخوف فتنہ وفساد قاتلان عثمان الفاظ از قبیل توریہ کہ مخاطب کو
وہم مین ڈالین ارشاد فرماتے تہے عبارتہ ہکذا کہ عبارت فتلہ اللہ

دانا سعہ بحق عثمان از قبیل توریہ بود کہ بنا بر ضرورت بعمل آوردہ مثل ہذہ
اختی در حق حضرت سارہ کہ از حضرت ابراہیم سر زدوان ضرورت خوف
بلوا و فتنہ و فساد از قاتلان عثمان بود در لشکر بلکہ خوف آن بود کہ قصد قتل
حضرت امیر نمایند انتہی اعجب العجاب ہی کہ لشکر عایشہ اور معاویہ اس
کثرت سے ہو اور حامیان خلیفہ ثالث بہی لشکر جناب امیر مین ہزارون
موجود ہون تو پہر قاتلان عثمان سے کہ وہ معدودی چند تہی خوف کے
کیا معنی غایت الامر یہہ بات تہی کہ خود حضرت عایشہ یا معادیہ کی لشکر
مین تشریف لیجاتے اور حامیان عثمان بہی چلے جاتے قاتلان
عثمان کا قلع قمع فرماتے یہہ کونسی بات ہے کہ ان تہوڑے سے ادمیونکے
خوف سے ایسے الفاظ زبان مبارک سے ارشاد فرماوین کہ جسکے
سننے سے سننی والونکی بداعتقادی نسبت عثمان بن عفان زیادہ
ہوے اور جناب امیر صلوات اللہ علیہ کو اون لوگون نے اپنا شریک
اس اعتقاد مین جانا ای حضرات یہہ علی ابن ابیطالب وہی غالب
کل غالب کرار غیر فرار ہین تہوڑے سے قاتلان عثمان کی خوف سے
ایسے الفاظ کا زبانپر لانا اولیا سے مخاطب نے جب قبول کیا تو پہر
کس دل سے آیندہ کہین سگے کہ تہوڑون کے خوف سے ایسا ہوا
تو بہت سے لوگونکے خوف سے مثل ایسے امور کے اونسے صادر
ہونا غیر ممکن ہے فاعتبروا یا اولی الابصار اور وہ جو قول جناب امیر بطرق

سند کے درج فرمایا ہے برتقدیر صحت نقل و اعتبار روایت اس
قول مین مراد سواد اعظم سے وہ جماعت ہی کہ اوسمین شمول معصوم
معلوم ہو کہ یہہ جماعت من حیث دخول المعصوم فیہم واجب الاتباع مطلقاً
ہے اور کوئی جماعت من حیث الکثرۃ بدون شمول معصوم کسیطرح سے
من جمیع الوجوہ واجب الاطاعت نہین ہوسکتے کما لا یخفی اسلئے سواد
اعظم کو حدیث مشہور علیکم بالسواد الاعظم مین اورع اعظم پر حمل کیا گیا ہے
چنانچہ ملا علی قاری شرح نخبۃ الفکر مین سے لکھتے ہین وقد قیل فی الحدیث
المشہور علیکم بالسواد الاعظم ای الاورع الاعظم انتہی اور شاہ ولی اللہ
نے بہی نسبت اس حدیث کے کہا ہے کہ جمعی بر وجوب طاعت
خلیفہ اذا لم یکن فی معصیۃ حمل کردہ اند انتہی اور خلیفہ مین قید اذا لم
یکن فی معصیۃ کے خلاف ظاہر ہے تو اسصورت مین حمل اوس
حدیث کا وجوب طاعت خلیفہ معصوم پر ضروری ہوگا اور خلیفہ
معصوم اس امت مین بجز امیر المومنین اور اولاد طاہرین اونکے
کوئی نہین کہ شیعہ نے اونکی عصمت کو بیانات واقعیہ سے ثابت
کیا ہے بنا بر علی ہذا اس حدیث مشہور سے وجوب طاعت حضرت
امیر المومنین اور اونکی اولاد طیبین ائمہ اثنا عشر کا بفحوا سے حدیث لن
یزال امر امتی قائما حتی یمضی اثنا عشر خلیفۃ کلہم من القریش بخوبی
واضح ہوگا اور بعد ملاحظہ اس تقریر کے وہ مراد کہ سمنی قول مین جناب

امیر کے بیان کی ہے بوجہ احسن ظاہر ہوگی فقد بر قال الناقض المتوحد
اور یہہ اتفاق جناب امیر کا اسی قرآن پر اور عمل درآمد کرتے رہنا
عہد خلافت اپنے مین تہے اسی پر مضمون عدم افتراق ثقلین کا
اور مصداق لن یفترقا حتی یردا علی الحوض کا ہوا اقول وبہ نستعین
صاحبان ہوش گوش حق نیوش سے سنین کہ مخاطب نے اتفاق
جناب امیر کا قرآن عثمانی پر مصداق حدیث ثقلین قرار دیا ہے
بلکہ یہہ کلام تکذیب اس حدیث مخبر صادق کے کرتا ہے اسلئے
کہ اسکے فرماتے ہین کہ ثقل اکبر نے ثقل اصغر کو جب آپ
غائب ہوگئے اپنی جانب کہینچ لیا اور جدا ہونے دیا اور
اس فقرہ سے بصراحت ظاہر ہی کہ حین وفات سرور کائنات
سے زمان عثمان تک ثقل اکبر اس درجہ غیر مرتب وغیر منقح تہا کہ
ثقل اصغر کو اپنی جانب نہ کہینچ سکا اور اوس سے جدا رہا پس
اسصورت مین باوصف افتراق سالہا سال کے قول انجناب
لن یفترقا موکد بلن کہ جسکو علماء عربیت نے واسطے افادہ تاکید
وتابید نفی مستقبل کے لکہا ہے کیونکر صادق ہوگا اور اگر کہو گے کہ
افتراق فرع اتفاق کی ہے اور زمان عثمان تک اتفاق ہی نہ تہا
تاکہ اوس مدت کو زمان افتراق قرار دیا جاوے بلکہ جب یہہ قرآن مرتب
اور منقح طیار ہوا تو اتفاق ثقلین شروع ہوا اور تا ورود حوض باقی رہے گا

تو برتقدیر تسلیم ہم کہین گے کہ موافق آپکے تحقیق کے یہہ قرآن
مرتب و منقح معانی ہی او تکا قرآنوں ہاتکے جناب رسالتماب نے چہوڑی
ہی اسلئے کہ یہہ سب واجب الاحراق اور لائق محو تام تہے اور وہ
قرآن مرتب واجب الاحترام ہے اور یہہ سب ثقل اصغر سے جدا رہے
اور اوسنے مرتب ہوتے ہی ثقل اصغر کو اپنی جانب کہینچ لیا تو اسصورت
مین اوس ثقل اکبر کو کہ جناب پیغمبر نے چہوڑا تہا الی الآن ساتہہ
ثقل اصغر کے تمہارے نزدیک اتفاق نہین ہے پس بنا بر علی ہذا
بجاے لن یفترقا کے لفظ لن یتفقا ضروری تہا مگر یہہ کہ آپ موافق
اوس اصل کے کہ افتراق فرع اتفاق کی ہے اور جب اتفاق
نہوا تو افتراق کیونکر ہوگا لفظ لن یفترقا کے توجیہ فرمائین وفساده
مما لا یخفی علی السفہاء فضلا عن العقلاء والفضلاء اور اگر فرمائیگا
کہ مراد ثقل اکبر سے یہی قرآن ہے جو خلافت عثمان مین مصحح و
منقح ہوا اور جناب امیر نے اوس سے اتفاق کیا تو ہم کہین گے
کہ اوسوقت مین شروع حدیث انی تارک فیکم الثقلین کی کیا
توجیہہ ہوگی اسلئے کہ یہہ قرآن تو انحضرت نے نہین چہوڑا حضرت
عثمان نے طیار کرایا ہے اور انحضرت نے وہی قرآن چہوڑے
تہے جو اونکی نزدیک لائق محو تام تہے اور مصداق ثقل اکبر نہ تہے
قال الفاضل المتوحد کہ ثقل اکبر نے ثقل اصغر کو جب آپ مرتب ہو

منقح ہوگئی اپنی جانب کہینچ لیا اور جدا ہونے دیا انتہیٰ وتنبیہین
سبحان اللہ ثقل اکبر کی تو یہہ شفقت کہ مرتب و منقح ہوتی سے ثقل
اصغر کو اپنی جانب کہینچ لیا اور ثقل اصغر کی یہہ غفلت کہ ثقل اکبر سالہا
سال غیر مرتب اور غیر منقح اور غیر صحیح رہے اور مطلقا خیال نکیا
اور با وصف کثیر التفرقی کی کہ بہات خلافت تفرقہین حضرات شیوخ
ثلثہ کی ہتہے تصحیح و تنقیح ثقل اکبر مین اصلا توجہ نکی بلکہ یہان تک
غافل ہوئی کہ جب ثقل اکبر جدید وجہہ سے عثمان کی مرتب و منقح ہوگئی
تو اوسوقت مین بہی تفرقہ چاہا مگر چونکہ ثقل اکبر نے اپنی جانب کہینچ لیا
اور جدا ہونے دیا تو ناچار تفرقہ پر اصرار نکیا اور اگر کوئی از راہ
بغض علی بن ابیطالب کی توجیہہ اس شفقت بے پایان ثقل اکبر
کے اور غفلت بیکران ثقل اصغر کے اسطرح پر کرے کہ از خوردان
خطا و از بزرگان عطا تو اس حدیث کی نسبت کہ جناب سرور کائنات
نے فرمایا کہ علی مع القرآن و القرآن مع علی لا یفترقان حتی یردا علی
الحوض کما فی الصواعق کیا کہیگا بجز اسکے کہ یا اوسکی تکذیب کریگا
یا تمام تقریرات مخاطب کی جہوٹا ہونیکی تصدیق کریگا قال القائل الاوحد
اگر انجناب اس قرآن مجموعی سے اختلاف رکہتے اور اپنی جمع کیے
ہوے کو جاری کرتے تو البتہ ثقلین مین افتراق پڑتا اور کذب حدیث
مخبر صادق کا لازم آتا و اذ لا فلا اقول و تنبیہہ یہہ شرطیہ متصلہ کہ قلم

وقت رقم سے ترشح ہوا ہے اتفاقیہ ہے یا لزومیہ
اگر اتفاقیہ ہے تو مفید مطلوب ہوگا اور اگر لزومیہ ہے تو علاقہ
لزوم بین المقدم والتالی کیا ہے اسلئے کہ پر ظاہر ہے کہ جناب
امیر اگر اپنے جمع کئے ہوئے قرآن کو کہ حسب روایت استیعاب
اگر وہ ہاتھہ آتا تو البتہ علم کثیر اوس سے حاصل ہوتا اور حسب قول شیخ
عبد الحق دہلوی معرفت ناسخ و منسوخ اوس سے حاصل ہوتی جاری
کرتی تو کیونکر ثقلین مین افتراق پڑتا بلکہ حق یہہ ہے کہ اگر وہ جناب
اپنے قرآن کو جاری کرتے تو وہ اس حقیقت حال کو کہ جس روز
سے جناب رسالتماب نے ثقلین کو امت مین چھوڑا ہے اوسی روز
سے اون دونون مین کبھی افتراق نہین پڑا انکا ہینقی ظاہر کرتا
کما ہو ظاہر بکمال الظہور و من لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور قال
سلطان العلما اطاب ثراہ تحقیق یہہ ہے کہ یہہ قرآن مروج اور
جتنے قرآن کہ محرق ہوئے ہم سبکو منزل من اللہ اور واجب التعظیم
اور قابل تکریم جانتے ہین اور اہانت اور استخفاف اونکا گناہ
کبیرہ ہے اور احراق اونکا باعث احتراق نار جحیم ہے اور بنابر
روایات شیعہ احرف کے جو اختلاف اونمین ہے وہ از جملہ ساتون
حرفونکے تھے کہ قرآن مجید اونپر نازل ہوا تھا الخ قال الفاضل المتوحد
اس تحقیق بی تحقیق مین جو جناب مجیب نے بیت سبعہ احرف کی سند لاکے

ہین تو انہی بہی روایات سے جہالت کی ہے اسلیئے کہ کلینی مین فضیل
ابن یسار سے روایت کی ہے کہ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ اِنَّ النَّاسَ
یَقُوْلُوْنَ اِنَّ الْقُرْاٰنَ نَزَلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ فَقَالَ کَذَبُوْا اَعْدَاءُ
اللّٰہِ وَلٰکِنَّہٗ نَزَلَ عَلٰی حَرْفٍ وَّاحِدٍ مِنْ عِنْدِ الْوَاحِدِ اور بہی
اسی کتاب مین ابی جعفر سے زرارہ روایت کرتا ہے کہ اِنَّ الْقُرْاٰنَ
نَزَلَ مِنْ عِنْدِ وَاحِدٍ وَلٰکِنَّ الْاِخْتِلَافَ یَجِیْئُ مِنْ قِبَلِ الرُّوَاۃِ
پس ان دونون حدیث سے معلوم ہوا کہ جملہ مصاحف کہ جنکو نسبت نزل
من اللہ علی سبعۃ احرف بتلاتا ہے اور بلکہ یہہ مصحف اجماعی ہے
کہ ہفت قراءت متواترہ پر مشتمل ہی ان کے نزدیک دروغ محض اور
باطل بحت ہی کہ رواۃ اونکی نے اپنی طرف سے اختلاف سبعہ
احرف بلکہ سبعہ وستیون احرف کا پیدا کیا ہے اور اسی وجہ سے
وہ لوگ معاذ اللہ کاذب اور اعداء الہہ ہوئی ہین اقول وبہ نستعین
جو کچہہ جناب مخاطب نے افادہ فرمایا تحقیق تلبیس ہے بہتان اخبار
اہلبیت اطہار پر ہوا اور انکار سے کہ نازل ہونا قرآن شریف کا سبعہ
احرف پر مذہب امامیہ مین ثابت ہے مگر واسطے اطمینان قلوب
اہل انکار کے دو روایتین نقل کیجاتی ہین قال ابن بابویہ طاب
ثراہ فی کتاب الخصال نزل القرآن علی سبعۃ احرف حدثنا
محمد بن الحسن بن احمد بن الولید رضی اللہ عنہ قال حدثنا محمد

بن الحسن الصفار عن العباس بن معروف عن محمد بن یحیی
الصیرفی عن حماد بن عثمان قال قلت لابی عبد اللہ علیہ السلام
ان الاحادیث تختلف منکم فقال ان القرآن نزل علی سبعة
احرف وادنی ما للامام ان یفتی علی سبعة وجوہ ثم قال ھذا
عطاؤنا فامنن او امسک بغیر حساب حدثنا محمد بن علی
ماجیلویہ قال حدثنا محمد بن یحیی العطار عن محمد بن احمد عن احمد
بن ھلال عن عیسی بن عبد اللہ الھاشمی عن ابیہ عن آبائہ علیہم
السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اتانی آت
من اللہ عزوجل فقال ان اللہ یامرک ان تقراء القران علی
حرف واحد فقلت یا رب توسع علی امتی فقال ان اللہ
عزوجل یامرک ان تقراء القران علی حرف واحد فقلت یا
رب وسع علی امتی فقال ان اللہ عزوجل یامرک ان تقراء
القران علی سبعة احرف اور جب نزول قران سبعہ احرف پر
روایات امامیہ سے ثابت ہوا تو یہہ قول مخاطب کہ جو جناب
مجیب حدیث سبعہ احرف کے سند لائے ہین تو اپنی ہی روایات
سے جہالت کی ہے براہ جہل سہے یا ازراہ تجاہل اور جو کہ اختلاف
سبعہ احرف کا سبب تضاد معنی مقصودہ کا نہین اور بجز تسہیل تلفظ
اور توسعہ قرارت کے افادہ معانے متضاد مین کسیطرح دخل نہین

کہنا تو گویا وہ احرف سبعہ بسبب افادۂ معنی غیر متضاد وہ کے بمنزلہ حرف
واحد کے ہوئے اور جو لوگ اس اختلاف سے تضاد معنی سمجھیں ابعدار الله
اور جو معنی ہیں تو بصورت ہین تاویل روایت اولی کی مخاطب سے بطور سند
کے بیان کی ہے بر تقدیر صحت نقل و اعتبار روایت کے ظاہر ہے
وفی الاستدلال بالروایة الثانیة نظر ظاہر کما لا یخفی علی الماہر
الغرض نزول قرآن بسبعہ احرف روایات فریقین سے ثابت ہے
اور جملہ مصاحف محرقہ کی نسبت یہہ بات کہنا کہ سوائے قرآن منزل
و اختلاف سبعہ احرف کے اور چیزیں بھی اونمیں شامل تہین
تکلم محض ہے جناب مخاطب صاف بیان کرین کہ کس قرآن
مین کس کس صحابہ نے کون کون لفظ سوائے قرآن داخل کر لیا تہا
ورنہ ایک عام بات کہنی سے سوائے دفع الوقتی اور کچھ نہین
ہمارے نزدیک تو جملہ نسخ قرآن مجید مرتب صحابہ منزل من الله تہے نہ
کسی نے اوسمین بڑہایا تہا نہ گہٹایا تہا ہان بجملہ سبعہ احرف کسی قدر فرق
پر ہوت قال سلطان العلما طاب ثراہ لیکن نہ ایسا نقصان کہ مانع و منافی
عمل کا اس قرآن موجود پر ہو الخ قال الفاضل المتوحد جبکہ اصل الاصول
کہ جسکے باعث سے یعنی بہ سبب تمانعی اوسکے بعض انبیا مثل آدم
کے اور جملہ اصحاب پیغمبر یا مہاجرین و انصار اور اکثر ائمہ اہلبیت
صلوات الله سید ہین اور فرقہ ہو گئے اس قرآن مین انکی نام و نشان نہ ہو

یہانتک کہ جیسے کنایۃً اور اشارۃً اس قرآنسے شیعہ امامت
ان ایمہ کی ثابت کرتے ہین اگر نواصب اور خوارج بہی مثل یزید
پلید وغیرہ کے امامت ثابت کرنیلگین تو شیعہ کو کوئی دلیل انکے جواب
پر بمقابلہ اونکے نہو سکے تو پہر اس سے زیادہ کونسا نقصان اور
ہوگا کہ مانع اور منافی عمل کا ہوگا اقول وبہ نستعین حال نقصان
قرآن شروع رسالہ مین بیان ہوچکا فتذکر اور امامت ایمہ اثنا عشر
قرآن متداول موجود بین الدفتین سے بخوبی ثابت ہی مخالفین کو
مجال انکار نہین بڑی بڑی کتابین اس باب مین تصنیف ہین جسکسیکو
شوق ہو عماد الاسلام اور عبقات الانوار فی معرفۃ الایمۃ الاطہار
ملاحظہ کرے اور واسطے بیان عدم استحقاق خلافت ثلاثہ
واخراجہم کتاب مستطاب تشئید المطاعن وشوارق النصوص فی
رد فضایل اللصوص کو دیکہین یہ وہ کتابین ہین کہ انکے نام سے
مخالفین کے چہرہ زرد ہو جاتے ہین اور ہاتہہ پانو کانپ جاتے
ہین ایکدن راقم رسالہ نے تذکرۃً مولوی حیدر علی صاحب منتہی
الکلام سے کہا کہ تشئید المطاعن اور عبقات الانوار کا جواب کیون
نہین تحریر ہوتا تو فوراً بمجرد سننے نام ان کتابون کے چہرہ زرد ہوگیا
ہاتہہ پانو کانپ گئی اور چہرہ سے بوجہ میرے رعب کے کوئی لفظ
خلاف ادب تو زبانسے نکلہ سکے مگر ہونٹ جانتے کہ خاموش ہو رہے

پھر راقم نے آہستہ کہا کہ حضرت کوئی وجہ سکوت کی نہین ہے کتاب
کا جواب کتاب ہونا چاہیے مولوی صاحب ممدوح اور قسم کی باتین
کرینگے اگر جناب مخاطب دلائل ثبوت امامت ایمہ اثنا عشر کو کافی
نہین جانتے تو کتاب عبقات الانوار پر کچھ لکھین اور پھر اوسکے ترد(ید)
کا تماشا دیکھین قال سلطان العلماء طاب ثراہ لیکن زیادتی کسی
آیہ کی تو البتہ نہین قال الفاضل المتوحد حضرات شیعہ اپنی زعم
مین سمجھتے ہین کہ قول بوقوع زیادت قبیح و مستوجب الزام ہے
اور قول بنقصان مین چندان نقصان نہین حالانکہ قول بہ نقصان انکے
حق مین زیادہ تر قبیح و مضر ہے قول بزیادت سے اسلیے کہ قول
بہ نقصان مستلزم اور مجوز ہوتا ہے اسقاط آیات امامت کو اور بے
نشان ہوجانے اوسکے کو اور ضرر اوسکا انہدام بیخ دین
مذہب شیعہ کا ہے اور اگر زیادتی کو مضر زیادہ سمجھتے ہون تو وہ بھی
انکی احادیث اور روایات کے بموجب بہت ثابت ہے چنانچہ
روایت احتجاج سے جسمین جناب امیر نے زندیق کے سوال
مین جواب ارشاد فرمایا ہے صاف مصرح ہے کہ یہہ جتنی براہین
انبیا علیہم السلام اور عتابات الٰہیہ اونپر جو قرآن کی آیات کثیر(ہ) مین
وارد ہین وہ سب زیادتی اور افترا ملحدین یعنی معاذ اللہ جامعین قرآن
کا ہے جو چاہے تفسیر صافی کے مقدمہ سادسہ مین اس مضمون کو

ملاحظہ کرلے و نحن لا نطول الکلام بنقلها فانها روایة طویلة

جداً قد اوردناها فی رسالتنا اثبات التحریف فی صنف التحریف

واستوفینا هذا البحث فیها استیفاءً اما ما اقول و بہ تعیین بروید

فرقۂ امامیہ کے امور شرعیہ میں قیاس کو کچھ دخل نہیں جسقدر اخبار

ائمۂ اطہار سے ثابت ہوتا ہے اوتنا ہی بیان کرتے ہیں بنا بران جبکہ

اخبار صحیحہ سے زیادتی قرآن میں ثابت نہیں ہوتی اجماعاً زیادتی کی

نفی کرتے ہیں ہان قیاس اصول سے ابتداع اول من قاس کے ہے

وہ موجب اپنے قیاس کے جو چاہتی ہیں کہتے ہیں بفرض تسلیم روایت

احتجاج سے یہہ مراد ہے کہ جو برائیان اور عتاب قران مجید

سے انبیا صلواۃ اللہ علیہم کی نسبت ثابت کی جاتی ہیں وہ فی الواقع

قران مجید سے ثابت نہیں ہیں اور وہ آیتین کہ ظاہر انکو موہم عتاب

وغیرہ کے ہیں ماول ہیں ساتھہ تاویلات سدیدہ کے اور محمول

ہیں محامل صحیحہ پر تو اسصورت میں اثبات اونکا قرآن سے افتراء ملحدین

ہی اور یہہ مراد نہیں کہ وہ آیتین کسیطرح قرآن میں زایدکی ہیں اور

جسکو زیادہ شوق اس بحث کے دیکھنے کا ہو وہ ہماری کتاب

آیات محکمات کے تیسرے باب کو ملاحظہ کرے کہ اوسمین بخوب

ترین وجہہ یہہ سب مطالب مفصل مع تردید اقوال مخالفین معرض

تحریر میں آئی ہیں اور جناب مخاطب کا رسالہ مسماۃ باثبات التحریف باو

تلاش آج تک نہین ملتا شاید ابتک موجود فی الخارج نہو ورنہ کبھی
کا جواب پیش کیا جاتا قال سلطان العلماء طاب ثراہ تو وہ بھی ظاہر
ہوگا قال الفاضل المتوحد اب ہم استفسار کرتے ہین کہ وہ ظاہر
ہوکر کیا کریگا آیا اس قرآن مروج کو منسوخ کردیگا اور تلاوت اسکی
موقوف کریگا یا نہین اگر موقوف کریگا تو یہہ قران مثل تیمم کے ہوا
کہ آب آمد تیمم برخاست اور اگر نہ کریگا تو وہ کس مصرف کا ہے کہ جس
پر جناب امیر المومنین علیہ السلام نے اتنی محنت اوسکے جمع مین کیے
تھی اور یازدہ امام نے خصوصاً امام صاحب الامر نے اوسکی محافظت
بدل فرمائی اقول و بہ نستعین واضح ہو کہ ظہور مصحف جناب امیر مین
کئی فائدہ ہین اول تو یہہ کہ منکرین کو جھوٹا کریگا دوسرے حسب
روایت استیعاب علم کثیر اوس سے حاصل ہوگا تیسرے حسب
روایت شیخ عبد الحق ترتیب نزول دریافت ہوگی اور معرفت ناسخ
و منسوخ سکے بہم پہونچیگی چوتھے یہہ کہ جو قرآن حسب روایات معتبرہ
اہلسنت سات حروف پر نازل ہوا تھا خلیفہ ثالث نے چھ حرف
ساقط کئی ایکحرف باقی رکھا اور جناب امیر حسب روایت اتقان
علم ظاہر و باطن سبعہ احرف کا رکھتے تھے تو انجناب کے مصحف
مین وہ احرف سبعہ ضرور مندرج ہونگے تو جب وہ ظاہر ہوگا تو
احرف ششگانہ مسقطہ عثمان پر آگاہی ہوگی اور اس قرآن مین کہ

ایک حرف پر سے جو حرف مجمل ہے اوسکی تصریح احرف ستہ سے
معلوم ہوگی الغرض ظہور مین مصحف جناب امیر کے اتنی فایدہ ہین اور کوئی
اونمین سے مستلزم نسخ قران متداول کا نہین حضرت مخاطب کہ اپنے
مذہب کی کتابونسے اطلاع نہین رکھتے اونکے نزدیک بے فایدہ اوسکے
ظہور کا سوا اسکے کہ اس قرآن متداول کو منسوخ کر دے کچھہ اور نہین
ہو سکتا قال الفاضل المتوحد اب حضرات شیعہ کو بیان اپنے
اعتقاد کا اور جواب ہمارے سوالونکا ضرور اور متحتم ہے واللہ
یہدی من یشاء الی صراط مستقیم اقول وہ پنتیس اعتقاد سرا
سدا حضرات شیعہ امامیہ کثرہم اللہ تعالے کے قرآن شریف کے
باب مین اس رسالہ عجالہ مین تفصیل تمام زیب دہ تحریر و رونق
بخش تسطیر ہوا اور بتائید اللہ تعالے وحسن توفیقہ تمام سوالات
مخاطب کے جواب باصواب دیئے گئے اور اونکے سب اقوال
کہ اوہن من بیت عنکبوت سے تھے ہباء منثورا و کان لم یکن
شیئا مذکورا کئے گئے اب جواب ہماری الزامات کثیرہ صحیحہ واقعیہ
کا کہ بابت قرآن شریف کے از روے کتب معتبرہ اہلسنت کے
اس رسالہ مین وارد کئے ہین از انجملہ اغلاط کثیرہ کہ بعض اونمین
ایسے ہین کہ پیغمبر خدا نے اوسپر مطلع ہو کر بعض الفاظ سقیم اور
غیر صحیح امت کو پہنچائی اور کسیکو جبرئیل امین و رسول رب العالمین

وصحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے تنبیہ اوسپر حاصل نہوئی یہانتک
کہ خدا تعالے نے کہ بہیجنے والا قرآن شریف کا ہے بعض کو اولیاء
کرام سے اوسوقت کہ وہ ولی ساتھ شرفت رویت خدا تعالے کی مشرف
ہوا اور کلام اللہ کو اوسکے مصنف پر عرض کیا اور ساتھ اصل نسخہ
کے مقابلہ کیا تنبیہ اوسپر فرمائی اور دو ردائیتین مثل اوسکے اور
ہین کہ وہ بہی نقل ہوئین ہین ازانجملہ زیادات واقرہ کہ کلمات وآیات تو
ایک طرف کئی سورتین غیر قرآن اس قرآن مین مندرج ہین اور ازانجملہ
حذف واسقاط بایندرجہ کہ اسقاط کلمات وآیات کس شمار مین ہے
بعض سورتین مثل سور مسبحات کے اور سورہ برارۃ کے ساقط ہوگئین
اور کوئی کوئی آیت کسیکو صحابہ مین سے یاد رہ گئی اگرچہ وہ بہی اس
قرآن مین نہین ازانجملہ تبدیل وتغییر بایندرجہ کہ تمام قرآن کی تبدلات
وتغیرات کا تو انحصار دشوار ہے فقط تغیرات ایک سورہ فرقان
کی کہ نسبت سور طوال کی ایک سورہ مختصرہ ہے شارح بخاری نے
ایکسو تیس ۱۳۰ بیان کی ہے اور عندالتامل عبارت شرح مذکور سے
عدد مذکور سے بہت زاید ثابت ہوتی ہین اور ازانجملہ قول تنزول
قرآن حسب کلام ورائے صحابہ کہ فساد اوسکا بوجہ احسن مبین ہوا
اور ازانجملہ تقدیم وتاخیر اور ازانجملہ عدم تواتر کہ باکمل وجوہ ثابت ہے لیکن
جمیع حضرات اہلسنت پر عموماً اور جناب مخاطب پر کہ جنکے نسبت بیدا آنجا

نے تحریر فرمایا ہے کہ اس عرصہ مین مباحث مذہبی مین اپنا نظیر وعدیل نہین رکھتے خصوصاً واجب ولازم ہے وانی لهم ذلک ولو کان بعضهم لبعض ظهیرا لان تلک الالزامات اوقعتهم فی المهالک فلیضحکوا قلیلا ولیبکوا کثیرا واذا بلغنا ہذا المقام فلنختم الکلام واخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین والصلوٰة والسلام علی سید المرسلین واله الطیبین الطاہرین خاتمہ صاحب رسالہ آیات بینات اور صاحب طعن السنان اور صاحب مظاہر حق دعوی کرتے ہین کہ شیعہ اثنا عشریہ کو قرآن شریف حفظ نہین ہوتا اگرچہ یہہ دعوی سراسر ہیچ اور واہی ہے مگر واسطے دفع اس توہم بیجا کے راقم رسالہ اپنی دوستو نکے نام کہ جو مذہب امامیہ رکھتے ہین اور حافظ قران ہین تحریر کرتا ہے جناب سلطان القرا مولوی حافظ سید جعفر علی صاحب متوطن بجارچہ ضلع میرٹھہ سید الحفاظ حافظ سید محمد اسمعیل صاحب متوطن محلہ دربار کلان منحلات امروہہ ممتاز الحفاظ حافظ سید بشیر علی صاحب متوطن محلہ دربار کلان منحلات امروہہ ضلع مراداباد حافظ سید بنیاد علی صاحب متوطن محلہ قاضی زادہ منحلات امروہہ حافظ سید منظور حسین صاحب ساکن پہند پرگنہ نگینہ ضلع بجنور الحال وارد محلہ قاضی زادہ منحلات امروہہ حافظ سید محفوظ حسین صاحب ساکن میمن پرگنہ نجیب آباد ضلع بجنور حافظ سید علی کبیر صاحب ساکن

ہیمن ضلع مذکور حافظ[10] شیخ چھجو صاحب ساکن ہیمن ضلع مرقوم ملک[9]
الحفاظ مرزا محمد تقی صاحب فیض آبادی ملک اودہ سید[10] سرور حسین صاحب
بن سید صفدر حسین مقام سونی پت ضلع دہلی احمد خانصاحب[11] بن
محمد خان قوم افغان ساکن سونی پت سید[12] سجاد حسین صاحب
بن افضل علی صاحب انصاری ساکن پانی پت ضلع دہلی
سید[13] سجاد حسین صاحب ولد سید امان علی ساکن سونی پت
ضلع دہلی حافظ[14] محب علیصاحب ساکن دہلی الحال وارد امرتسر
حافظ[15] عبد اللطیف صاحب ساکن لاہور حافظ[16] عبد العزیز صاحب ساکن لاہور
حافظ[17] مصطفے صاحب ساکن ملتان یہہ سب حافظ راقم رسالہ کے
دوست ہین اور چونکہ اہلسنت اکثر ازراہ جہل یا تجاہل انکار حفظ قرآن
نسبت شیعیان اہلبیت اطہار کے رکھتے ہین لہذا جناب مرزا
کلب عابد خان صاحب بہادر اکیسٹرا اسسٹنٹ امرتسر کے مکانپر
ایک جلسہ ہوا اور حافظ محب علیصاحب ساکن قدیم دہلی نے
اول اپنا عقیدہ بیان کر کے تمام کلام اللہ اول سے آخر تک سنایا
اور اعظم گڈھ مین مکان پر میر علی حسن صاحب تحصیلدار مقام مذکور
کے جناب ملک الحفاظ مرزا محمد تقی صاحب فیض آبادی نے اول
سے آخر تک تمام کلام اللہ بائیس حافظون کے مجمع مین سنایا اور
بمقام کیرت پور ضلع بجنور مکان پر جناب منشی تجمل حسین خانصاحب

رئیس اعظم کیرت پور کے سید محفوظ حسین صاحب اور سید
علی کبیر صاحب نے از اول تا آخر کلام اللہ شریف جلسہ مین
تیس چالیس حافظون اہلسنت وجماعت کے سنایا اور سید الحفاظ
سید محمد اسمعیل صاحب اور ممتاز الحفاظ سید شبیر علی صاحب
نے بمقام متہرا جلسہ مین صدہا آدمیونکے جنمین چند با بہ حافظ قران
تہے اول سے آخر تک ایک ہی روز مین کلام اللہ سنایا کہ مخالفین کو
سکتہ ہوگیا غالبا جناب مخاطب انکار حفظ قران کا نسبت امامیہ
کے نرکہتے ہونگے کیونکہ یہہ دونون صاحب ہم محلہ بلکہ ہمسایہ جناب
مخاطب کے ہین لیکن راقم رسالہ کو یہہ منظور ہے کہ جناب مخاطب
صاف اقرار تحریری کرین کہ آیا امامیہ مین حافظ ہوتے ہین یا نہین
اگر ہوتے ہین تو قول مخاطب اونکے اسلاف کے تکذیب مین کافی
ہے اور اگر جناب مخاطب کو انکار ہو تو حافظ محمد اسمعیل صاحب
سے بارہا سن چکے ہین اور حضرت اوٹہائے تھے پہر سن لین اور
اگر چاہین اور دو چار حافظ جمع کرلین ہم بفضل خدا اتنے حافظ
مذہب امامیہ کے مخاطب لا ثانی کہین گے جمع کر دینگے الغرض
آیندہ ایسے دعوی لاطایل سے جناب مخاطب اور اولیاء اونکے
باز رہین واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم ۔

تمت بالخیر والظفر

اعلان

حامداً و مصلیاً کتاب ہذا تالیف جناب افضل الاذکیا اکمل
البلغا مورد عنایات حضرت صمد سید مقبول احمد صانہ اللہ
من شر حاسد اذا حسد چھاپہ ہو کر جلدیں اسکی کمترین خلایق
کے پاس موجود ہیں قیمت فی جلد دو روپیہ ہے جنکو خریداری
اسکی منظور ہو میری پاس زر قیمت بھیجکر کتابیں طلب کر لیں
محصول ڈاک ذمہ خریدار ❊

راقم سید غلام مہدی ساکن محلہ محمد شفاعت

مرحوم متصلات امروہہ ضلع مراد آباد